© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقّانیہ کے شب و روز

شفیق فاروقی

**وفاق کی مجلس عاملہ کا اجلاس** ۱۲ر فروری کو وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس راولپنڈی میں منعقد ہوا جس میں قومی کمیٹی برائے دینی مدارس کی رپورٹ اور حکومت کے مجوزہ پروگرام پر غور و خوض کیا گیا حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ جنہیں مولانا مفتی محمود کی وفات کے بعد وفاق المدارس کا باضابطہ سرپرست بنایا گیا نے بھی ایجنڈا کی اہمیت کی بنا پر شرکت کی۔ جناب مدیر الحق نے بھی قومی کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے جو کام کیا تھا اس سے عاملہ کو تفصیلاً آگاہ کیا۔ عاملہ کے حکم پر جناب مدیر صاحب نے اس سلسلہ میں ایک توثیقی قرارداد مرتب کی جسے عاملہ نے متفقہ طور پر منظور کیا جو شریک اشاعت ہے۔

**مولانا ولایت شاہ کاکاخیل کی وفات** مولانا ولایت شاہ صاحب کاکاخیل فاضل دیوبند جو دارالعلوم کے نہایت مخلص اور سرکردہ اراکین شوریٰ میں تھے اور مخدوم محترم میاں مسرت شاہ کاکاخیل کی وفات کے بعد دارالعلوم کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ ۲۳ر فروری کو مرض قلب کے شکار رہ کر انتقال فرما گئے جس سے علاقہ بھر کے علمی و دینی حلقوں کو عموماً اور دارالعلوم کو بالخصوص شدید صدمہ پہنچا۔

۲۴ر فروری کو ان کے گاؤں حکمت آباد میں جنازہ ہوا جسے حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نے پڑھایا اور حاضرین اور سارے خاندان کو کلمات تعزیت سے نوازا۔ اس موقع پر دارالعلوم کے اکثر اساتذہ و اراکین بھی موجود تھے۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے تدفین سے قبل مولانا کی وفات پر تعزیتی خطاب کیا۔ دارالعلوم میں مولانا مرحوم کے لئے ایصال ثواب کا اہتمام ہوا اور دعائیں کی گئیں۔

**عطیہ کتب** مشہور صاحب خیر نواب آف ٹیری مرحوم ضلع کوہاٹ کے گراں قدر کتب خانہ کا ایک بڑا حصہ ان کے ورثاء نے دارالعلوم حقانیہ کے کتب خانہ میں وقف کرا کر محفوظ کروایا تھا۔ اب اس کتب خانے کا مزید کچھ حصہ ان کے ایک عزیز کیپٹن نواب زادہ عبدالصبور خٹک کے ذریعے پہنچ چکا ہے۔

کراچی کے جناب ایوب ماموں صاحب نے دورۂ حدیث کے مکمل دس سیٹ ارسال فرمائے ہیں اور تورڈھیر کے مولانا سید جلوہ گل مرحوم کے ورثاء نے ان کی کتابیں دارالعلوم بھیج کر صدقہ جاریہ کا ایک دروازہ اپنے لئے کھول دیا ہے۔ دارالعلوم سب کا ممنون ہے۔



© rasailojaraid.com